# NEW ERA PUBLIC SCHOOL (SESSION : 2021)

## SOLVED ASSIGNMENT OF UNIT 2nd

**SUBJECT : URDU A/B** **CLASS : 2nd**

## LESSON NO ÷ 5 مکار لومڑی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| واسطہ | = تعلق | نیند حرام کرنا | = سونے نہ دینا |
| دبوچ لینا | = پاؤں تلے پکڑ لینا | چٹ کرنا | = کھا جانا |
| منہ میں پانی بھر آنا | = کھانے کے لئے بے قرار ہو جانا | | |

### تحریری سوالات :-

سوال ۱ :- لومڑی نے مرغے کو دیکھا تو کیا سوچا ؟

جواب :- لومڑی نے مرغے کو دیکھا تو سوچا کہ کسی بہانے سے مرغے کو دبوچ لے۔

سوال ۲ :- مرغے نے لومڑی کو کیا جواب دیا ؟

جواب :- مرغے نے لومڑی کو یہ جواب دیا کہ میں کسی کی نیند حرام نہیں کرتا۔ سویرے بانگ دیتا ہوں تاکہ لوگ نیند سے اٹھیں اور خدا کا نام لے کر اپنا کام کاج شروع کریں۔

سوال ۳ :- لومڑی نے مرغے سے کیا کہا ؟

جواب :- لومڑی نے مرغے سے کہا وہ بھی مرغے تو رات بھر اپنے پر پھڑ پھڑا کر کیوں شور مچاتا ہے۔

سوال ۴ :- مرغا جب لاجواب ہوا تو لومڑی نے کیا کیا ؟

جواب :- مرغا جب لاجواب ہوا تو لومڑی فوراً اس پر جھپٹ پڑی اور دور لے جا کر اسے مزے سے چٹ کر گئی۔

(۲) خالی جگہوں کو پُر کیجیے :-

(۱) ایک لومڑی کہیں جا رہی تھی۔ (۲) مرغا بانگ دیتا ہے۔

(۳) مرغا ہر صبح بانگ دیتا ہے۔ (۴) راستے میں اسے ایک مرغا ملا۔

(۵) لومڑی مکار ہوتی ہے۔

(۳) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے۔

(۱) لومڑی کے منہ میں پانی بھر آیا کیوں کہ وہ تھی۔

(i) تھکی (ii) بھوکی ✓ (iii) پیاسی

(۲) کس نے کہا تھا؟

"وہ بھی مرغے تو کلکڑوں کوں کلکڑوں کوں کر کے سب کی نیند حرام کرتا ہے۔"

(i) مرغی نے (ii) لومڑی نے ✓ (iii) مرغے نے

(۳) کس نے کہا تھا؟

"بی لومڑی میں کسی کی نیند حرام نہیں کرتا بلکہ لوگوں کو نیند سے جگاتا ہوں۔"

(i) لومڑی نے (ii) مرغے نے ✓ (iii) مرغی نے

## LESSON No ÷ 6 دودھ کی اہمیت

| الفاظ | | معنی | الفاظ | | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| نعمت | = | عنایت | تندرستی | = | صحت مندی |
| غذا | = | خوراک | نشو و نما | = | پرورش |
| قدیم | = | پرانا | مفید | = | فائدہ مند |
| عمر درازی | = | لمبی عمر ہونا | اجزاء | = | جز کی جمع |
| مقدار | = | وزن / تعداد | | | |
| چستی | = | پھرتی | | | |
| ہاضمہ | = | ہضم ہونا | | | |

(۱) تحریری سوالات

سوال 1 :- قدرت کی دی ہوئی نعمتوں میں کس چیز کی زیادہ اہمیت ہے؟

جواب :- قدرت کی دی ہوئی نعمتوں میں دودھ کی زیادہ اہمیت ہے۔

سوال ۲ :- پرانے زمانے میں لوگ کس چیز کو زیادہ استعمال کرتے تھے ؟
جواب :- پرانے زمانے میں لوگ دودھ کو زیادہ استعمال کرتے تھے ۔
سوال ۳ :- بیماروں کی صحت ٹھیک رکھنے کے لئے کس چیز کا استعمال کیا جاتا ہے ؟
جواب :- بیماروں کی صحت ٹھیک رکھنے کے لئے دودھ کا استعمال کیا جاتا ہے ۔
سوال ۴ :- دودھ میں کون سے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟
جواب :- دودھ میں کیلشیم ۔ وٹامن بی اور سی بھی کافی مقدار میں پائے جاتے ہیں ۔
سوال ۵ :- دودھ سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں ؟
جواب :- دودھ سے پنیر ۔ مکھن ۔ کھویا ۔ دہی ۔ گھی ۔ ملائی وغیرہ بنتی ہیں

(۲) ذیل میں دیے گئے جملوں میں سے صحیح جملے پر ٹک ( ✓ ) اور غلط جملے پر ( X ) کا نشان لگایئے ۔

(۱) دودھ ایک بہترین نعمت ہے ۔ ✓
(۲) دودھ مکمل غذا نہیں ہے ۔ X
(۳) بچوں کے لئے دودھ مکمل غذا نہیں ہے X
(۴) دودھ میں کیلشیم کی مقدار بہت تھوڑی ہوتی ہے X
(۵) دودھ سے جسم میں چستی پیدا ہوتی ہے ✓
(۶) دودھ ہاضمے کی کمزوری میں کوئی مدد نہیں کرتا ہے X

(۳) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے ۔

(۱) دودھ مانا جاتا ہے کہ ؟

(i) مکمل غذا ہے ✓ (ii) مکمل غذا نہیں ہے (iii) دونوں قسم کی غذا ہے

(۲) پرانے زمانے کے لوگ دودھ کو استعمال کرتے تھے ۔

(i) بہت زیادہ ✓ (ii) بہت کم (iii) بالکل نہیں

(۳) دودھ خاص کر بچوں اور بیماروں کے لئے :-

(۱) مفید ہے سا (۱۱) مفر ہے (۱۱۱) کبھی نہیں ہے -

(۴) اشارات کی مدد سے خالی جگہوں کو پر کیجیے -

(1) غذا میں دودھ کو کافی اہمیت حاصل ہے - (اہمیت/نفرت)
(۲) پرانے لوگوں کی لمبی عمر کا راز دودھ میں چھپا تھا - (ظاہر/چھپا سا)
(۳) بچوں کی صحیح پرورش دودھ سے ہی ہوتی ہے - (تھوڑی/صحیح)
(۴) دودھ میں کیلشیم کی زیادہ مقدار ہوتی ہے - (زیادہ/کم)

(۵) کالم الف میں دیے گئے الفاظ کو کالم ب میں دیے گئے الفاظ سے جوڑ دیجیے -

| الف | ب |
|---|---|
| (1) قدرت نے | مانا جاتا ہے - 3 |
| (۲) ان میں دودھ کو | بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں 1 |
| (۳) دودھ کو مکمل غذا | کافی اہمیت حاصل ہے - 2 |
| (۴) دودھ میں تمام غذائی اجزاء | بنتی ہیں - 5 |
| (۵) دودھ سے بہت سی چیزیں | پائے جاتے ہیں - 4 |

## LESSON NO 7 کوئل

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| رنگت | رنگ | نرالی | عجیب | کوُ کوُ | کوئل کی آواز |
| صورت | شکل | بن | جنگل | رغبت | خواہش |
| ڈالی | ٹہنی | لطف | مزا | الفت | پیار |
| رٹ | بار بار | مالی | باغبان | بھولی بھالی | سیدھی سادی |
| دل تڑپانا | بے تاب کرنا | | | | |

## ① تحریری سوالات

سوال 1 :- کوئل کی رنگت کیسی ہے ؟
جواب :- کوئل کی رنگت کالی ہے -
سوال ۲ :- ڈالی ڈالی کون اڑتی ہے ؟
جواب :- ڈالی ڈالی کوئل اڑتی ہے -
سوال ۳ :- کوئل کی کوک سن کر کون خوش ہوتا ہے ؟
جواب :- کوئل کی کوک سن کر باغ کا مالی خوش ہوتا ہے -
سوال ۴ :- آموں سے کس کو رغبت ہے ؟
جواب :- آموں سے کوئل کو رغبت ہے

## ② کوئل "کوکو" کی آواز نکالتی ہے - ذیل میں دیے گئے پرندوں کی آوازیں لکھیے

کوّا = کائیں کائیں    کبوتر = غٹرغوں
چڑیا = چوں چوں    طوطا = ٹیں ٹیں

## ③ خالی جگہوں کو پُر کیجیے -

(1) تیری رنگت کالی کالی (۲) تیری صورت بھولی بھالی
(۳) اڑنے والی ڈالی ڈالی (۴) خوش ہوتا ہے باغ کا مالی
(۵) کوئل تیری کوک نرالی .

## LESSON NO 8 بُری صحبت کا اثر

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| دھیان | = توجہ | بستہ | = بقچہ | والد | = بابا |
| رویہ | = طریقہ | صحبت | = دوستی | | |

## تحریری سوالات :-

سوال 1 :- لڑکا کیسے بچوں کے ساتھ کھیلتا تھا ؟

جواب :- لڑکا محلے کے بڑے لڑکوں کے ساتھ کھیلتا تھا -

سوال ۲ :- والد کے سمجھانے کے باوجود وہ کیا کرتا تھا ؟

جواب :- والد کے سمجھانے کے باوجود وہ بُرے لڑکوں سے دور نہیں رہتا تھا

سوال ۳ :- ایک دن شام کو والد نے بیٹے کو سڑے ہوئے سیبوں کی ٹوکری میں کیا رکھنے کو دیا ؟

جواب :- ایک دن شام کو والد نے بیٹے کو سڑے ہوئے سیبوں کی ٹوکری میں ایک تازہ سرخ سیب رکھنے کو کہا

سوال ۴ :- دوسرے دن جب والد نے لڑکے کو سیب لانے کے لئے کہا تو اس نے کیا دیکھا ؟

جواب :- دوسرے دن جب والد نے لڑکے کو سیب لانے کے لئے کہا تو اس نے دیکھا وہ سرخ اور تازہ سیب بھی سڑ گیا تھا -

سوال ۵ :- اس طرح سے والد نے لڑکے کو کیا سبق سکھایا ؟

جواب :- اس طرح سے والد نے لڑکے کو یہ سبق سکھایا کہ بُری صحبت کا اثر بُرا ہوتا ہے -

سوال ۶ :- لڑکا پھر کیسا بنا ؟

جواب :- لڑکے نے پھر بُری صحبت ہمیشہ کے لئے چھوڑ دی اور وہ خود بھی خوش تھا اور اس کے گھر والے بھی خوش تھے -

## (۲) ہاں یا نہیں پر ٹک (✓) لگا کر جواب دیجیے :-

| | | |
|---|---|---|
| (۱) لڑکا اچھے لڑکوں کے ساتھ کھیلتا تھا - | ہاں | نہیں ✓ |
| (۲) باپ نے اس کو بہت سمجھایا - | ✓ ہاں | نہیں |
| (۳) لڑکے نے باپ کی نصیحت پر عمل کیا - | ✓ ہاں | نہیں |
| (۴) ایک دن باپ نے اچھے سیب کو سڑے سیبوں میں رکھا - | ہاں | نہیں ✓ |
| (۵) باپ کی نصیحت سے بیٹے نے سبق سیکھ لیا - | ✓ ہاں | نہیں |

(۳) خالی جگہوں کو پر کیجیے :-

(1) لڑکا برے لڑکوں کے ساتھ کھیلتا تھا -
(۲) باپ نے اس کو بہت سمجھایا -
(۳) سڑے سیبوں نے اچھے سیب کو بھی خراب کیا تھا -
(۴) بیٹے نے باپ کی نصیحت مان لی -

## اردو گرامر

مضمون :-
(۱)

### گائے

(1) گائے ایک پالتو جانور ہے -
(۲) اس کی چار ٹانگیں ، دو آنکھیں ، دو کان اور ایک لمبی سی دُم ہوتی ہے -
(۳) گائے گھاس اور چارہ کھاتی ہے -
(۴) گائے دودھ دیتی ہے -
(۵) گائے جگالی کرتی ہے -
(۶) گائے کے سر پر دو سینگ ہوتے ہیں -
(۷) گائے گوبر دیتی ہے -
(۸) گائے کے گوبر سے کھاد اور گیس بنتی ہے -
(۹) گائے کا بچہ بڑا ہو کر گائے یا بیل بن جاتا ہے -
(۱۰) گائے سب جانوروں سے شریف اور مفید جانور ہے -

(۲) مذکر مونث

| مذکر | مونث | مذکر | مونث | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) باپ | ماں | (۵) دادا | دادی | (۹) بیل | گائے |
| (۲) بیٹا | بیٹی | (۶) نانا | نانی | (۱۰) شیر | شیرنی |
| (۳) بھائی | بہن | (۷) گھوڑا | گھوڑی | | |
| (۴) چاچا | چاچی | (۸) بکرا | بکری | | |

③ سوال :- فعل کسے کہتے ہیں ؟

جواب :- فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے
جیسے چلنا - پڑھنا -

④ اپنے والد صاحب کے نام دو ہزار روپے بھیجنے کے لئے ایک
خط لکھئے -

سری نگر

۲ جنوری ۲۰۲۱ء

پیارے ابوجان

میں اول جماعت میں پاس ہوا / ہوگئی اور دوسری جماعت
میں داخل ہوا / ہوگئی - اب مجھے دوسری جماعت کے لئے
کتابیں خریدنی ہیں - مہربانی کرکے میرے نام دو ہزار روپے
روانہ کریں

آپ کا پیارا بیٹا / آپ کی پیاری بیٹی

ا - ب - ج

نوٹ :- محترم والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے
بچوں کو اسباق پڑھنے اور سمجھنے میں مدد کریں